© rasailojaraid.com

# کتاب نُما

## تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : مغرب زدہ مسلمانوں کے نام

مصنف : نثار احمد خان فتحی

ضخامت : ۱۵۴ صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ : (۱) مکتبہ الشیخ 445/3 بہادر آباد کراچی 5 (۲) مکتبہ رحمانیہ لاہور

نثار احمد خان فتحی ایک درجن سے زیادہ کتابوں کے مصنف ہیں جو تمام کی تمام اہم موضوعات پر ہیں۔ زیرتبصرہ کتاب وقت کی اہم ضرورت ہے جس میں مغربی طور طریقوں اور تہذیب کی چمک دمک سے متاثر مسلمان بھائیوں کو حقیقتِ حال سے آگاہ کیا گیا ہے۔ فطری بات ہے کہ ہر شخص اپنے آپ کو دانا‘ عقل مند اور صحیح سمجھتا ہے‘ حالانکہ حقیقت شناس لوگ تھوڑے ہی ہوتے ہیں۔

مسلمان فیملی کا جو شخص اعلیٰ تعلیم حاصل کر لیتا ہے اور مغرب کی ترقی اور مادی غلبہ دیکھتا ہے تو وہ اس تہذیب کا مداح ہو جاتا ہے اور دوسرے مسلمانوں کو ہیچ سمجھتا ہے۔ چونکہ اسلام کے بارے میں اس کا علم نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے اس لیے وہ سرے سے اسلام ہی کو تنقید کا نشانہ بناتا ہے‘ حالانکہ مسلمان کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ اسلام سچا دین اور کامل نظامِ حیات ہے۔ اس کا کوئی قانون اعتدال سے ہٹا ہوا نہیں اور اس کی تمام تعلیمات ہر انسان کی جسمانی اور روحانی ضروریات کو پورا کرتی ہیں۔

مصنف نے اپنی اس کتاب میں واضح کیا ہے کہ مسلمان عام طور پر اپنی بنیادی تعلیمات سے بے بہرہ ہیں جب وہ یورپی لوگوں کی مادی ترقی اور غلبہ دیکھتے ہیں تو اس سے متاثر ہو کر ان کی تعریف کرتے ہیں اور مسلمانوں کی پسماندگی اور غلامی دیکھ کر اسلام ہی کو موردِ الزام ٹھہراتے ہیں۔ اگر مسلمان مجموعی طور پر اسلامی تعلیمات سے دور ہیں تو اس میں اسلام کا کیا قصور ہے؟

لمحۂ فکریہ یہ ہے کہ مغربی تہذیب و تعلیم سے متاثر مسلمان خود اسلام کی ان تعلیمات کو جو قرآن و سنت پر مبنی ہیں بے علمی کی وجہ سے تنقید کا نشانہ بناتے ہیں اور یہ نہیں سمجھتے کہ وہ زبان سے کلماتِ کفر کا ارتکاب کرتے ہیں۔ ان کو معلوم نہیں کہ اللہ کا دیا ہوا نظام جو اکمل‘ کامل اور اعلیٰ ہے وہ صرف اسلام ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مسلمان قرآن وسنت کے مطابق عمل کر کے صحیح مسلمان بنیں۔ جس مسلمان کی سوچ یہ ہے کہ مرنے کے بعد مٹی ہو جانا ہے اور اس زندگی کے بارے میں کچھ نہیں پوچھا جائے گا' ظاہر ہے کہ ایسا مسلمان تو نادانی میں کفر کا ارتکاب کر رہا ہے' کیونکہ ایمان بالآخرہ تو اسلام کا پختہ اور بنیادی عقیدہ ہے۔

مصنف نے مغربی تہذیب کے دلدادہ لوگوں کے سامنے حقیقت حال واضح کر کے بتایا ہے کہ آج کا مہذب ملک امریکہ اسلامی ممالک کو ایٹم بم کی تیاری سے روکتا ہے کہ وہ اس کا ناجائز استعمال کریں گے' جبکہ وہ واحد ملک ہے جس نے ایٹم بم استعمال کر کے ہزارہا انسانوں کو بلاوجہ موت کے گھاٹ اتار دیا۔

یہ کتاب بڑی اہم ہے اور ہر مسلمان کے پڑھنے کے لائق ہے' تاکہ اسلام کے بارے میں اس کے اپنے نظریات صحیح ہوں اور وہ نادانی میں کفریہ کلمات کا ارتکاب کر کے اپنی عاقبت خراب نہ کر بیٹھے۔ اس سے نہ صرف مغربی تہذیب کی حقیقت واضح ہوگی بلکہ اسلام کی بنیادی تعلیمات سے بھی واقفیت حاصل ہوگی۔

افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اتنی مؤثر کتاب میں کمپوزنگ کی بے شمار اغلاط ہیں۔ کئی جگہ قرآنی آیات غلط لکھی گئی ہیں۔ ''محمد رسول اللہ ﷺ'' کو ''محمد الرسول اللہ'' لکھا گیا ہے۔ بیشتر انگریزی الفاظ کے ہجے غلط ہیں۔ قاری جب کتاب پڑھتے ہوئے بار بار اغلاط دیکھتا ہے تو اس کی توجہ منتشر ہو جاتی ہے۔ اگلے ایڈیشن میں اغلاط کی تصحیح بہت ضروری ہے۔

## (۲)

نام کتاب : مآثر و مکاتیب

مصنف : مولانا محمد عبدالمعبود

ضخامت : ۳۵۲ صفحات

ملنے کا پتہ : صدیقی ٹرسٹ' المنظر اپارٹمنٹس' ۴۵۸ گارڈن ایسٹ نزد لسبیلہ چوک' کراچی

کتاب کے مصنف مولانا محمد عبدالمعبود بزرگ عالم دین ہیں۔ دو درجن سے زیادہ کتابوں کے مصنف ہیں۔ دیوبند مکتبہ فکر کے نامور علماء سے تعلیم حاصل کی۔ آپ کے اساتذہ میں مولانا حسین علی واں بھچراں اور مولانا غلام اللہ خان جیسے جید علماء شامل رہے۔ آپ نے کئی حج کیے اور تاریخ مدینۃ المنورہ اور تاریخ مکۃ المکرّمہ جیسی مفید اور ہر دلعزیز کتابیں لکھیں۔

زیر تبصرہ کتاب میں مصنف کی تقریباً ۳۰۰ تحریریں ہیں جن میں سبق آموز واقعات اور اہم تحقیقی' دینی اور ادبی مضامین ہیں۔ کتاب تین ابواب پر مشتمل ہے۔ پہلے باب کا عنوان مقالات و مضامین ہے جس میں مصنف کا سوانحی خاکہ' ان کے معروف اساتذہ' طلبہ اور مشائخ کا ذکر ہے۔ دارالعلوم حقانیہ بہت بڑا اسلامی تعلیمی مرکز ہے' جہاں سے ہزاروں علماء فارغ ہو کر مختلف ممالک میں تبلیغ و تعلیم کا کام کر رہے ہیں۔ مصنف نے اس مرکز اور اس



© rasailojaraid.com